# Tarjuma Tul Quran Majeed - FA Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. سورت ال عمران میں کتنی آیات ہیں-

**Ans 1:** سورت آل عمران میں کل دو سو آیات ہیں

---

Q2. لفظ کے معنی لکھیں- ریحکم- ائاءآلناس- حبیط- تراءت- نکص- العقاب

**Ans 1:** رٰیحکم- تمھاری ہوا- رئاء الناس- لوگوں کع دکھاتے ہوئے- محیط- احآطہ کیے ہوئے ہے- تراءت- آمنے سامنے ہوئیں- نکص- وہ بھاگا- العقاب- عذاب

---

Q3. مباہلہ کے کیا معنی ہے.

**Ans 1:** مباہلہ کے معنی ہے کہ کسی عقیدے کے بارے میں مختلف آرا رکھنے والے لوگ نہایت عاجزی سے اللہ تعالی کے دربار میں یہ دعا کریں کہ ان میں سے جو جھوٹا ہو اس پر اللہ تعالی کی لعنت اور پکڑ ہو.

---

Q4. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

**Ans 1:** بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

---

Q5. الفاظ کے معنی تحریر کریں- اقترفتموھا- انفروا- متاع- ثانی اثنین- ایدہ- کلمتہ-

**Ans 1:** اقترفتموھا- تم نے انھیں کمایا- انفروا- تم نکلو- متاع- سمان، فائدہ ثانی اثنین- دو میں سے دوسرے - ایدہ- اس کی مدد فرمائی- کلمتہ- بات

---

Q6. سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

**Ans 1:** سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-

---

Q7. غزوہ احد کو مختصرا بیان کریں

**Ans 1:** غزوہ احدحق و باطل کے درمیان برپا ہونے والا دوسرا بڑا معرکہ ہے- یہ غزوہ سات شوال المکرم تین ہجری بروز ہفتہ مدینہ منورہ کے قریب احد نامی پہاڑ کے پاس ہوا- یہ غزوہ مشرکین مکہ کے خلاف لڑا گیا- مسلمانوں کی قیادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے فرمائی. جب کہ مشرکین مکہ کا سردار اس غزوہ میں ابو سفیان تھا. تین ہزار افراد پر مشتمل مشرکین مکہ کا لشکر بھر پور تیاری سے مسلمانوں پر حملہ آور ہوا - غزوہ احد میں کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی تعداد ایک ہزار سے بھی کم تھی لیکن ان کے حوصلے بلند اور ایمان مضبوط تھا.

---

Q8. مندرجہ زیل لفظ کے معنی تحریر کریں- ریب - یقیمون- ینفقون - یوقنون - ام - ختم

**Ans 1:** ریب - شک یقیمون - وہ قائم کرتے ہیں- ینفقون - وہ خرچ کرتے ہیں- یوقنون - وہ یقین رکھتے ہیں- ام - یا ختم - مہر لگادی

Q9. الفاظ کے معنی تحریر کریں- ینھون- مسکن- اتبعوھم- اعد- عزیز علیہ- حریض- حسبی اللہ

**Ans 1:** ینھون- وہ روکتے ہیں- مسکن- مکان- اتبعوھم- ان کی پیروی کی اعد- اس نے تیار کیے ہیں- عزیز علیہ- ان پر بہت گراں گزرتا ہے- حریص- خواہش مند ہیں- حسبی اللہ- میرے لیے اللہ ہی کافی ہے.

Q10. سورۃ البقرہ کا آغاز تحریر کریں

**Ans 1:** سورۃ البقرہ کا آغاز حروف مقطعات سے ہوتا ہے.حروف مقطعات قرآن مجید کی کچھ سورتوں کے شروع میں آنے والے وہ حروف ہیں جن کےمعانی اللہ تعالی اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے سوا کوئی نہیں جانتا.